* بقیہ صفحہ 60 سے (دارالعلوم کے شب و روز)

مخدوش حالات کے پیش نظر امسال طلبہ نے انتہائی جذبہ ایثار و قربانی کے ساتھ رات دن مسلح پہرہ داری کی ۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔ آمین ۔

دو صاحبزادوں کی رسم بسم اللہ :- تقریب کے آخر میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے چھوٹے صاحبزادے خزیمہ حقانی اور آپ کے پوتے مولانا حامدالحق حقانی کے صاحبزادے عبدالحق ثانی کی رسم بسم اللہ ادا کی گئی ۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب نے ان دونوں کو تسمیہ اور تعوذ پڑھایا ۔ ان دونوں کی عمریں تین ساڑھے تین برس کی ہیں ۔ الحمدللہ حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کے خاندان کے اکثر بچے حفظ قرآن سے مزین ہیں ۔

اصفہان کانفرنس میں مولانا سمیع الحق کا شرکت سے انکار :- گذشتہ دنوں ایران میں افغانستان کے مسئلہ کے متعلق ایک نام نہاد مصالحتی کانفرنس منعقد ہوئی ۔ اس میں شرکت کیلئے باقاعدہ ایران کے سفیر نے مولانا سمیع الحق کو دعوت دی تھی ۔ چونکہ اس میں افغانستان کے مسئلہ کے اہم فریق طالبان کو دعوت نہیں دی گئی تھی ۔ اس لئے طالبان زعماء کے مشورہ پر آپ نے اس میں شرکت سے انکار کر دیا ۔

وفاق المدارس کے امتحانات :- ہفتہ کے دن مورخہ ۲۸ رجب دارالعلوم میں بھی وفاق المدارس کے زیر اہتمام و انتظام امتحانات شروع ہوئے ۔ اس میں تقریباً ۴۰۰ طلبہ نے شرکت کی جمعرات تک جاری رہے ۔

دورہ تفسیر کا آغاز :- امسال بھی حسب سابق دارالعلوم حقانیہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب نے تعطیلات میں دورہ تفسیر قرآن کا اہتمام کیا ہے ۔ جس میں سینکڑوں طلباء شریک ہیں ۔

تعلیم القرآن

لفظی اور بامحاورہ

آسان ترجمۂ قرآن

از
ڈاکٹر محمد دین

پارہ ۱

تاج کتب خانہ ۔ قصہ خوانی پشاور، فون ۲۱۴۴۵۴۱